جناب شفیق الدین فاروقی

دارالعلوم کے شب وروز

دارالعلوم کے نئے تعلیمی سال ۳۱۔۱۴۳۰ھ ۱۰۔۲۰۰۹ء کے داخلوں کا شیڈول

درس نظامی

درجات	ایام	تاریخ
تمام درجات کے قدیم طلباء (اعدادیہ تا دورہ حدیث)	بدھ	۹ شوال / 30 ستمبر ۲۰۰۹ء
قدیم فارموں کی پڑتال	جمعرات	۱۰ شوال / 01 اکتوبر ۲۰۰۹ء
تعطیل	جمعہ	۱۱ شوال / 02 اکتوبر ۲۰۰۹
جدید دورہ حدیث	ہفتہ	۱۲ شوال 03 اکتوبر ۲۰۰۹ء
جدید دورہ حدیث	اتوار	۱۳ شوال 04 اکتوبر ۲۰۰۹ء
موقوف علیہ۔ تکمیل	پیر	۱۴ شوال 05 اکتوبر ۲۰۰۹ء
سادسہ۔ خامسہ۔ رابعہ	منگل	۱۵ شوال 06 اکتوبر ۲۰۰۹ء
ثالثہ۔ ثانیہ۔ اولیٰ۔ متوسطہ۔ اعدادیہ	بدھ	۱۶ شوال 07 اکتوبر ۲۰۰۹ء **افتتاح**

شعبہ حفظ

درجہ حفظ میں داخلہ کے خواہشمند طلباء کی درخواستیں ۱۵ رمضان سے ۱۵ شوال تک دفتر اہتمام میں جمع کی جائیں گی۔ حفظ کے خواہشمند طلباء ٹیسٹ اور انٹرویو وغیرہ کیلئے 06-07 / اکتوبر بروز منگل و بدھ صبح 9:00 کو دارالعلوم حقانیہ بلائیں گے۔ (امسال شعبہ حفظ کا داخلہ دارالعلوم حقانیہ کی تعلیمی کمیٹی اور دارالحفظ کے اساتذہ کی مشترکہ نگرانی میں ہوگا)۔ صرف وہ امیدوار درخواست دیں جو قرآن ناظرہ سے پڑھ چکے ہوں۔ عمر ۱۳ سال سے متجاوز نہ ہو۔ دو پارے پہلے سے یاد کرنے والوں کو ترجیح دی جائے گی۔

درجہ تخصص فی الفقہ الاسلامی والافتاء و تخصص فی الحدیث

درجہ تخصص فی الفقہ الاسلامی و الافتا و تخصص فی الحدیث کیلئے داخلہ درخواست ۹ / شوال 30 / ستمبر تا ۱۴ / شوال 5 / اکتوبر اور امتحان بروز پیر ۱۴ / شوال بمطابق 05 / اکتوبر صبح 10 بجے ہوگا۔

نوٹ: ۱ (۱) تخصص فی الفقہ الاسلامی والافتاء کا دورانیہ 2 سال ہوگا۔

نوٹ: ۲ امسال درجہ اعدادیہ سے لیکر بشمول درجہ سادسہ اسباق اردو میں بھی پڑھائے جائیں گے۔ لہذا اردو زبان سمجھنے والے طلباء کرام داخلہ لے سکتے ہیں۔ درجہ متوسطہ میں وہ طلباء داخلہ لینگے جو کہ ساتویں جماعت پاس ہو۔

نوٹ: ۳ حسب سابق دارالعلوم حقانیہ کے کتب میں داخل شدہ طلباء میں جو طلباء قراۃ والتجوید میں داخلہ لیں گے مقررہ اوقات میں قراۃ و تجوید پڑھایا جائے گا اور آخر میں کامیاب طلباء کو سند دی جائے گی۔

(دارالعلوم حقانیہ کے نئے تعلیمی سال کا باضابطہ آغاز ان شاء اللہ 07 / اکتوبر ۲۰۰۹ء بروز بدھ ہوگا)